دارالعلوم کے شب وروز

مولانا محمد ادریس حقانی

دورہ تفسیر قرآن کی اختتامی تقریب : ۲۱۔رمضان المبارک کو دورۃ تفسیر قرآن کریم جس کی ابتداء شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے شعبان میں دارالعلوم کی جامعہ مسجد میں کی تھی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔جس میں تقریباً آٹھ سو طلباء نے شرکت کی۔ حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ نے اختتام پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کو خطاب کی دعوت دی۔آپ نے تقریباً ایک گھنٹہ تک مفصل خطاب فرمایا۔اور فضائل رمضان و قرآن ترجمہ و تفسیر کی اہمیت، علماء اور علم دین کی فضیلت اور عالمی حالات کے تناظر میں عالم اسلام افغانستان اور مملکت پاکستان کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی۔آپ کی تقریر کے بعد مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے خصوصی دعا فرمائی اور پھر حضرت مہتمم صاحب مدظلہ' نے شرکاء دورہ تفسیر میں اسناد تقسیم کیں۔ تقریب میں طالبان تحریک کے زعماء اور علماء اساتذہ نے شرکی فرمائی۔

طالبان زعماء کی تشریف آوری : پھر اسی روز یعنی ۲۱۔رمضان کو تحریک طالبان کے سرکردہ رھنما اور جلال آباد کے گورنر مولانا صدر اعظم حقانی بمع دیگر رفقاء اور وزراء کے تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اور مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ اور حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ' مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب، مولانا حامد الحق صاحب اور مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب کے ساتھ دارالعلوم کے دفتر اہتمام میں ملاقاتیں کیں اور افغانستان کی تفصیلی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

دارالعلوم کی جامع مسجد اور ایوان شریعت ہال میں شبینہ ختم القرآن

دارالعلوم کی جامعہ مسجد میں ہمیشہ کی طرح دارالحفظ کے بچوں نے پانچ روزہ ختم القرآن میں حصہ لیا۔اور بہت ہی خوبصورت انداز میں تجوید و قرأت کیساتھ تراویح میں سپاروں کی تلاوت کی۔ اختتامی تقریب میں نائب مہتمم مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے فضیلتِ قرآن و رمضان پر جامع تقریر فرمائی۔اور بچوں میں انعامات تقسیم کیے۔شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ